Roll No. | | | | | | |   Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________   Sig. of Invigilator.__________

15

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:الف: درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5x1=5)**

(i) "حاکمانہ"

الف۔ صفت　ب۔ مرکب تام　ج۔ فعل　د۔ مرکب جاری

(ii) "قلم"

الف۔ اسم آلہ　ب۔ اسم صوت　ج۔ اسم مکبر　د۔ اسم ظرف

(iii) "ریگِ صحرا"

الف۔ مرکب اشاری　ب۔ مرکب اضافی　ج۔ مرکب عطفی　د۔ مرکب جاری

(iv) "ماتھا"

الف۔ مذکر　ب۔ مونث　ج۔ اسم مصدر　د۔ اسم معرفہ

(v) "غالب"

الف۔ لقب　ب۔ عرف　ج۔ خطاب　د۔ تخلص

**ب: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (10x1=10)**

(i) اصغری محمد کامل کو کس چیز سے باز رکھنا چاہتی تھی؟

الف۔ آتش بازی　ب۔ فضول خرچی　ج۔ آوارہ گردی　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(ii) فاطمہ بنت عبداللہ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

الف۔ لیبیا　ب۔ سعودی عرب　ج۔ مراکش　د۔ مصر

(iii) بہادر یار جنگ کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ حیدرآباد دکن　ب۔ حیدرآباد سندھ　ج۔ دہلی　د۔ آگرہ

(iv) حورا خانم کس کی بیٹی تھیں؟

الف۔ نذیر احمد　ب۔ خواجہ حسن نظامی　ج۔ راشد الخیری　د۔ علامہ محمد اقبالؒ

(v) پراکرت کی بیٹی کس کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ عربی　ب۔ اردو　ج۔ پشتو　د۔ بلوچی

(vi) اگھن اور پوس کیا ہیں؟

الف۔ عربی مہینوں کے نام　ب۔ ہندی مہینوں کے نام　ج۔ فارسی مہینوں کے نام　د۔ انگریزی مہینوں کے نام

(vii) نظم ' پھول کی فریاد ' کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ بےنظیر شاہ　ب۔ نظیر اکبرآبادی　ج۔ شوق قدوائی　د۔ ساقی جاوید

(viii) حضرت موسیٰؑ کے زمانے کا ظالم بادشاہ کون تھا؟

الف۔ فرعون　ب۔ قارون　ج۔ شدّاد　د۔ نمرود

(ix) جس تعلیم کو لے کر ہمارے حضورؐ بھیجے گئے اس کا نام کیا تھا؟

الف۔ قرآن　ب۔ اسلام　ج۔ توحید　د۔ تصوف

(x) مستقبل کے رہنما کون ہیں؟

الف۔ طالب علم　ب۔ مزدور　ج۔ کسان　د۔ تاجر

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: [ ]

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر ۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) اسلام کا سب سے پہلا حکم کیا ہے؟

(ii) طالب علم اپنے وطن کی خدمت کس طرح کر سکتے ہیں؟

(iii) فاطمہ بنت عبداللہ کی زندگی سے ہم کو کیا سبق ملتا ہے؟

(iv) نظام دکن نے محمد بہادر خان کو بہادر یار جنگ کا خطاب کیوں دیا؟

(v) اللہ کا سب سے زیادہ مقبول بندہ کون ہے؟

(vi) اُردو کو لشکری زبان کیوں کہا کرتے تھے؟

(vii) غالبؔ کی شاعری کی خاص خاص خوبیاں تحریر کیجیے۔

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ و محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

(i) برجستہ (ii) انسان دوستی (iii) زینت (iv) ذخیرہ

(v) شکوہ (vi) ہُنر (vii) غرور

ج۔ (i) درج شدہ کے جمع بنائیں: گھٹا ، جفا ، بلا (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: بہار ، جاڑا ، جلدی جلدی (3)

(iii) درج شُدہ کے اسم صفت لکھیے: رئیس ، بہادر ، جاگیر (3)

(iv) درج شُدہ کے ہم قافیہ لکھیں: پاک ، جاری ، سونا (3)

(v) درج شُدہ کے مترادف لکھیے: طیبہ ، ملال ، تمنا (3)

د ۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

تنکا ، دولت ، بدی ، تمیز

ہ ۔ نیچے دیے گئے الفاظ کو درست ترتیب دے کر بامعنی جملے بنائیے: (3)

(i) بندوں ۔ اپنے ۔ اللہ ۔ کرم ۔ پر ۔ کرتا ۔ ہے

(ii) کی ۔ خُدا ۔ پیدا ۔ قدرت ۔ ہر ۔ ایک ۔ چیز ۔ ہے ۔ سے

(iii) کشتی ۔ آبدوز ۔ کارنامہ ۔ کا ۔ سائنس ۔ ہے

## حصہ سوم (کُل نمبر 23)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ ان کے بزرگ وسط ایشیا سے جنوبی ایشیا آئے تھے۔ خاندانی پیشہ سپہ گری تھا۔ مرزا کے والد اور چچا دونوں فوجی افسر تھے۔ لیکن غالب نے لکھنے پڑھنے اور شعر و شاعری کو مشغلہ بنالیا۔ وہ بہادر شاہ ظفر کے دربار میں تاریخ نویس کی حیثیت سے ملازم رہے پھر بہادر شاہ نے انہیں شاعری میں اپنا استاد بھی مقرر کر لیا تھا۔

ب۔ جب انہوں نے یہ دیکھا کہ خطاب اور جاگیر قومی خدمت کے راستے میں رکاوٹ ہے تو انہوں نے اپنا خطاب اور جاگیر واپس کر دی۔ اس پر لوگوں نے انہیں مبارک باد کے خطوط بھیجے۔ انسان کی عزت، خطاب اور جاگیر سے نہیں بلکہ خدمت اور ایثار سے ہوتی ہے۔

سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے
مانندِ حباب اُبھر کے اِتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات پر فخر خسیس
تنکا تھوڑی ہوا سے اُڑ جاتا ہے

ب۔ ہوا دوش پر شال ڈالے ہوئے
گھٹاؤں کے آنچل سنبھالے ہوئے
گھٹا میں وہ بگلوں کی ہر سُو قطار
کہ ظلمت میں آبِ حیات آشکار

سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ نہ سنو، گر بُرا کہے کوئی
نہ کہو، گر بُرا کرے کوئی
روک لو، گر غلط چلے کوئی
بخش دو، گر خطا کرے کوئی

ب۔ کرے کیا کہ دل بھی تو مجبور ہے
زمین سخت ہے، آسماں دور ہے
تمنائے دل کے لیے جان دی
سلیقہ ہمارا تو مشہور ہے

سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: (5)

الف۔ پھول کی فریاد

ب۔ پہاڑ اور گلہری